الجامعة البنورية العالمية — دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : Osama		Serial No : 27902		Regular
Address : Karachi		Date : 2/7/2016		
Subject : Qasam ka kaffara		Contact No :		
Writer : 0	محمد انور	Email :		

Ghossy mai shohar ko bora bhala krhna sakht alfaz kehna . kia in baton se nikah per farq parta hai jb bad mai mian bv razi khushi rehny lagty hain .

ترجمہ سوال :

غصے میں شوہر کو برا بھلا کہنا، سخت الفاظ کہنا، کیا ان باتوں سے نکاح پر فرق ہے یا نہیں، جبکہ بعد میں میاں بیوی راضی خوشی رہنے لگے ہیں

الجواب حامداً ومصلیاً

شوہر کو بُرا بھلا کہنا انتہائی گھٹیا حرکت ہونے کے ساتھ شرعاً ناجائز اور حرام ہے اس لئے بیوی پر لازم ہے کہ وہ اپنے اس فعل پر بصدقِ دل توبہ کرے اور شوہر سے دست بستہ معافی بھی مانگے اور آئندہ اس طرح کے عمل سے مکمل اجتناب بھی کرے مگر اس عمل سے عقدِ نکاح متاثر نہیں ہوتا۔

کما فی مشکوٰۃ المصابیح کتاب النکاح: وعن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرأۃ اذا صلت خمسها وصامت شهرها واحصنت فرجها واطاعت بعلها فلتدخل من ای ابواب الجنة شاءت۔ رواه ابو نعيم فی الحلية۔

وعن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لو كنت آمر أحداً أن يسجد لأحد لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها۔ رواه الترمذی

وعن معاذ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال لا تؤذی امرأة زوجها فی الدنیا إلا قالت زوجته من الحور العين لا تؤذيه قاتلك الله فانما هو عندك دخيل يوشك أن يفارقك إلينا۔ رواه الترمذی (ج ۲ ص ۲۸۸)۔ والله اعلم بالصواب

محمد انور عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶غ

۱۴۳۷/۶/۱۳

الجواب صحیح

2/3/16